Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — ABC Certified — عوام کی بے ساختہ للکار

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعرات 12 ستمبر 2024ء ، 7 ربیع الاول 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 162

محمد علی جناح کے افکار کی روشنی میں پاکستان کو عظیم ملک بنانے کیلئے دیانتداری کو شعار بنانا ہوگا

فرمودات قائداعظم ہر سچے پاکستانی کیلئے مشعل راہ ہے

مریم نواز

فرمودات قائداعظم ہر سچے پاکستانی کے لئے مشعل راہ ہے، محمد علی جناح کے افکار کی روشنی میں پاکستان کو عظیم ملک بنانے کیلئے محنت، ایمانداری اور دیانتداری کو شعار بنانا ہوگا

چیف کشمرآرٹی اولا ہور ایف پی آر احمد شجاع خان سے چائیز وفد کی ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے یوم وفات پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عظیم رہنما قائداعظم محمد علی جناح کو سلام عقیدت، اللہ تعالیٰ قائداعظم کے درجات بلند فرمائے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ فرمودات قائداعظم ہر سچے پاکستانی کے لئے مشعل راہ ہے، قائداعظم نے برصغیر کے مسلمانوں کے مقدر و وطن کے خواب کی تکمیل کے لیے زندگی (بقیہ نمبر 2)

فائر، نان فائر اور لیٹ فائر کی کیٹیگری بن چکی ہیں، احمد شجاع

غیر ملکی سرمایہ کاروں کو ٹیکسیشن میں کئی طرح سے ریلیف دیا گیا ہے

چیف کشمنر آرٹی او سے چائیز شیڈونگ چیمبر کے وفد کی ملاقات

لاہور (این این آئی) چیف کشمرآرٹی او لاہور ایف پی آر احمد شجاع خان نے کہا ہے کہ گولی بارکس ریٹرن میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی، فائر، نان فائر اور لیٹ فائر کی کیٹیگری بن چکی ہیں، نان فائر اور لیٹ فائر کے گیٹس ریٹس بہت زیادہ ہو گئے ہیں، بک پرانٹ (بقیہ نمبر 3)

پاکستان میں پی ایز کو بلاک نہیں کیا جارہا، پی ٹی اے

آئی ٹی کمپنیاں، سافٹ ویئر ہاؤسز، فری لانسرز، بینکس، دیگر کاروبار زیر استعمال وی پی این کو رجسٹر کرائیں

لاہور (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ بلاک میں درچنل پرائیویٹ نیٹ ورکس کو بلاک نہیں کیا جارہا، اپنے سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر جاری بیان میں اتھارٹی نے میڈیا رپورٹس (بقیہ نمبر 6)

ملک بھر میں اینٹی اسمگلنگ کریک ڈاؤن جاری

یکم تا 8 ستمبر ملک بھر سے 126.4 میٹرک ٹن چینی، 4 میٹرک ٹن آٹا، 3252 سگریٹ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) صوبائی کی بحالی کے لیے ملک گیر سمگلنگ اور اسمگلنگ کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری ہے۔ حکومت کی جانب سے ملکی صورت حال کرنے کے لیے بڑے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ آٹا، چینی (بقیہ نمبر 5)

بجلی مزید ایک روپے 74 پیسے مہنگی

کراچی سمیت ملک بھر کے لیے بجلی مہنگی کردی، جس کا باضابطہ نوٹی فکیشن بھی جاری کر دیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) نے کراچی سمیت ملک بھر کے صارفین کے لیے بجلی مزید ایک روپے 74 پیسے مہنگی کرنے کا نوٹی فکیشن جاری کر دیا۔ نیپرا نے سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کے تحت (بقیہ نمبر 4)

کیا ہم بیٹھ کر چارٹر آف پارلیمنٹ سائن نہیں کرسکتے؟ جماعتیں کھٹی بیٹھیں یا نہیں، ارکان کو تو ساتھ ہونا چاہیے

اسپیکر قومی اسمبلی کی میثاق پارلیمنٹ کی تجویز

پارلیمنٹ کی کارروائی چلانے کیلئے کمیٹی بنانے کی قرار داد منظور، اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے میثاق پارلیمنٹ کی تجویز دیدی

کیا ہم بیٹھ کر چارٹر آف پارلیمنٹ سائن نہیں کرسکتے؟ جماعتیں اکھٹی بیٹھیں یا نہیں، ارکان کو تو ساتھ ہونا چاہیے، جو میں کرسکتا تھا وہ میں نے کیا، اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) اپنگز قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے میثاق پارلیمنٹ کی تجویز دیتے ہوئے کہا ہے کہ کیا ہم بیٹھ کر چارٹر آف پارلیمنٹ سائن نہیں کرسکتے؟ جماعتیں اکھٹی بیٹھیں یا نہیں، ارکان کو تو ساتھ ہونا چاہیے، جو میں کرسکتا تھا وہ میں نے کیا۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایوان کا ماحول اچھا ہے، اللہ کرے کہ اس میں مزید بہتری آئی، ہم بلاول بھٹو زرداری، خواجہ آصف، اسحاق ڈار، بیرسٹر گوہر، مصطفیٰ (بقیہ نمبر 4)

تحصیل تربت کے مرکزی بازار میں دھماکا 5 افراد زخمی

مرکزی بازار میں ہونے والا دھماکا دتی بم کا تھا تحقیقات کر رہے ہیں، ایس ایچ او تربت

تربت (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کیچ کی تحصیل تربت کے مرکزی (بقیہ نمبر 8)

وزیراعظم شہباز شریف کا کلثوم نواز کو خراج عقیدت

بیگم کلثوم نواز کی وفات کا غم ہمارا پورا خاندان نہ کبھی بھولا ہے اور نہ بھول سکتا ہے، شہباز شریف

نواز کی پتلی بری ہیں، ان کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ بدھ کو وزیراعظم آفس کے میڈیا وِنگ سے جاری بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 7)

قائداعظم محمد علی جناح کی سوچ اور وژن ہم سب کیلئے مشعل راہ ہے

قائداعظم محمد علی جناح کی بے مثال قیادت، عزم، اور قربانیوں نے ہمیں ایک مضبوط اور خودمختار وطن عطا کیا

ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید مبر غلام مصطفیٰ شاہ کا پاپاے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (فرائیڈ عوامی للکار) ڈپٹی اسپیکر قومی اسمبلی سید مبر غلام مصطفیٰ شاہ کا پاپاے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی برسی کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔ قائداعظم محمد علی جناح کی بے مثال قیادت، عزم، اور قربانیوں نے ہمیں ایک مضبوط اور خودمختار وطن عطا کیا، ڈپٹی اسپیکر قائداعظم محمد علی جناح نے مسلمانوں کے حقوق کی حفاظت کے لیے ایک منظم اور مؤثر تحریک چلائی، ڈپٹی اسپیکر ان کی سیاسی (بقیہ نمبر 4)

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق محکمہ صحت سلطانہ کنوا ڈاکٹر ایڈمنسٹریٹر ایڈمنسٹریٹر میڈیکل ایجوکیشن میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

خواتین کا وراثتی حق ہمارے کلچر کا سب سے بڑا مسئلہ ہے

خواتین کو ان کے حق سے محروم کر دیا جاتا ہے، اس کلچر کو تبدیل کرنے کے لئے ہمیں اپنی سوچ بدلنا ہوگی

وراثت میں خاتون کو حصہ دیا جائے گا، وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ کا قومی اسمبلی میں توجہ دلاؤ نوٹس پر جواب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ و ثقافت عطاء اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ خواتین کو وراثت میں حق ہمارے کلچر کا سب سے بڑا مسئلہ ہے، خواتین کو ان کے حق سے محروم کرتا ہے کہ وراثت میں خاتون کو حصہ دینے سے انکاری رہتے ہیں، ہمیں اس کلچر کو تبدیل کرنے کے لئے اپنی سوچ بدلنا ہوگی، اسلام آدم کرتا ہے کہ وراثت میں خاتون کو حصہ دیا جائے گا۔ بدھ (بقیہ نمبر 9)

سیکیورٹی ادارے پی ٹی آئی کرکن اسمبلی کو وطن واپسی پر گرفتار نہ کریں، اسلام آباد ہائیکورٹ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے سیکیورٹی اداروں کو ہدایت دی ہے کہ پاکستان تحریک انصاف کے سمرقوی اسمبلی تمین عارف کو ملک واپسی پر گرفتار نہ کیا جائے۔ بدھ کو جسٹس اپر ستار علی پی ٹی آئی کے سمرقوی اسمبلی تمین عارف کی پاسپورٹ (بقیہ نمبر 4)

جنرل ہسپتال کے پروفیسر آف ای این ٹی پروفیسر طاہر رشید کو کمرشل مارکیٹ پر شرکا مارشل شیلڈ دے رہے ہیں

ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے شدید جھٹکے

زلزلے کے باعث لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا بکھم طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے

زلزلے کی شدت 5.7 ریکارڈ کی گئی، گہرائی 10 کلومیٹر تھی، اسکا مرکز جنوبی پنجاب کے شہر ڈیرہ غازی خان کے قریب تھا

لاہور+پشاور+اسلام آباد (این این آئی) لاہور، اسلام آباد سمیت ملک کے مختلف شہروں میں زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے۔ لاہور سمیت پنجاب، اسلام آباد اور خیبر پختونخوا کے مختلف شہروں میں دوپہر بارہ بجکر 30 منٹ پر زلزلے کے شدید جھٹکے محسوس کیے گئے، زلزلے کے باعث لوگوں میں خوف وہراس پھیل گیا اور وہ کلمہ طیبہ کا ورد کرتے ہوئے گھروں سے باہر نکل آئے۔ زلزلہ پیما مرکز کے مطابق زلزلے کی شدت 5.7 ریکارڈ کی گئی، زلزلے کی گہرائی 10 کلومیٹر ریکارڈ کی گئی، اس کا مرکز جنوبی پنجاب کے شہر ڈیرہ (بقیہ نمبر 6)

پشاور ہائی کورٹ میں مزید دس جج کی تعیناتی کی منظوری

اسلام آباد (این این آئی) وزارت قانون نے پشاور ہائی کورٹ میں مزید دس جج کی تعیناتی کی منظوری کا نوٹی فکیشن جاری کردیا گیا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے پشاور ہائی کورٹ میں جج کی تعداد بڑھانے کی منظوری دے دی۔ وزارت قانون قانون نے پشاور ہائی کورٹ میں مزید 10 جج (بقیہ نمبر 47)

بے جرا کی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن سے سابق وزیر اطلاعات محمد علی درانی کی ملاقات کر رہے ہیں

سکھر میں دیرینہ دشمنی پر باپ اور بیٹے سمیت 3 افراد قتل

واقعے کے بعد ملزمان با آسانی فرار، ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی کارروائی

سکھر (این این آئی) سندھ کے شہر سکھر میں دیرینہ دشمنی کا ایک اور واقعہ پیش آیا ہے جس میں تین افراد کو باپ اور بیٹے سمیت قتل کر دیا۔ تمام جاں بحق (بقیہ نمبر 5)

سیکرٹری خوراک احسان بھٹو موجود، بھرمیں آٹے ڈنکیم کے خدشوں بارے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوریئر آفس پر چھاپہ، کھموں کے کارٹن سے 37 کلوگرام آئس برآمد

راولپنڈی سے تعلق رکھنے والے شخص نے آسٹریلیا کے 500 کھموں کے 20 کارٹن بک کرائے

لاہور (این این آئی) اینٹی نارکوٹکس فورس نے لاہور میں کارروائی کرکے آسٹریلیا کیلئے بک کئے گئے کھموں کے پارسل سے 37 کلوگرام آئس برآمد کر لی۔ ترجمان اے (بقیہ نمبر 8)

کنٹری انگیج منٹ ورکنگ گروپ کے 34 ویں اجلاس کا انعقاد

CEWG آبادی اور صحت سے متعلق وفاقی، صوبائی اور علاقائی حکومتوں کے درمیان ایک اعلیٰ سطحی رابطہ کا فورم ہے

محکمہ پاپلیشن ویلفیئر کے سیکرٹری، ایڈیشنل سیکرٹری، ڈائریکٹر جنرل، تمام صوبوں کے بہبود آبادی، محکمہ صحت، گرین سٹار کے نمائندگان کی کثیر تعداد میں شرکت

شرکاء کرام نے مانع حمل اشیاء کی حفاظت، میڈیا اور مواصلات، اور M&E پروپلی گروپ بارے آگاہی دی گئی

شمن رائے کا شرکاء کو صوبہ بھر میں بہبود آبادی کے کامیابی سے جاری پروگراموں بارے بریفنگ

شرکاء نے پنجاب میں کامیابی سے جاری بہبود آبادی کے مختلف پروگراموں کو بے حد سراہا

لاہور (فرائیڈ عوامی للکار) کنٹری انگیج منٹ ورکنگ گروپ) CEWG کے 34 ویں اجلاس کا انعقاد لاہور میں ہوا۔ CEWG آبادی اور صحت سے متعلق وفاقی، صوبائی اور علاقائی حکومتوں کے درمیان ایک اعلیٰ سطحی رابطہ فورم ہے۔ اجلاس کی صدارت محکمہ پاپلیشن ویلفیئر کے سیکرٹری سلمان اعجاز نے کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری پاپلیشن ویلفیئر ڈاکٹر نائیلہ، ڈائریکٹر جنرل (بقیہ نمبر 1)

ڈائریکٹر جنرل پاپلیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ممبر رائے CEWG کے 34 ویں سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

ریڈ لائن کراس کرنا کسی کے حق میں بہتر نہیں، اسحٰق ڈار

پہلے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت بڑے تلخ گذرے تھے، نواز شریف اور بے نظیر بھٹو نے میثاق معیشت پر دستخط کیے

اس کے بعد 18 ویں ترمیم کا سلسلہ شروع ہوا، کمیٹی ضرور بنتی چاہیے اور اس میں 18 ویں ترمیم کی طرح تمام پارٹیز کو شامل کیا جائے، وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ ریڈ لائن کراس کرنا کسی کے حق میں بہتر نہیں، پہلے پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت بڑے تلخ گذرے تھے، نواز شریف اور بے نظیر بھٹو نے میثاق معیشت پر دستخط کیے، اس کے بعد 18 ویں ترمیم کا سلسلہ شروع ہوا، کمیٹی ضرور بننی چاہیے اور اس میں 18 ویں ترمیم کی طرح تمام پارٹیز کو شامل کیا جائے۔ (بقیہ نمبر 9)

پی ٹی آئی کے اراکین پارلیمنٹ کی گرفتاری، کمیٹی تشکیل دیدی

کمیٹی 48 گھنٹے میں رپورٹ اسپیکر قومی اسمبلی کو پیش کرے گی، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے تحریک انصاف کے اراکین پارلیمنٹ کی گرفتاری سے حقائق شواہد اکٹھے کرنے کے لیے سارجنٹ ایٹ کی سربراہی میں کمیٹی تشکیل دے دی۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے سے پاکستان تحریک انصاف کے (بقیہ نمبر 5)

حضرت میاں میرؒ کے سالانہ عرس کی تقریبات (آج) سے شروع

2 روزہ تقریبات کا آغاز مزار شریف پر رسم چادر پوشی کی ادائیگی سے ہوگا

لاہور (این این آئی) معروف روحانی شخصیت حضرت میاں میرؒ کا 401 سالانہ عرس آج (جمعرات) سے شروع ہوگا۔ سالانہ عرس کی 2 روزہ تقریبات کا آغاز مزار شریف پر رسم چادر پوشی کی ادائیگی سے ہوگا۔ عرس تقریبات کے لئے محکمہ اوقاف پنجاب (بقیہ نمبر 6)

ہڈیارہ کے علاقے میں 70 سالہ خاتون کو قتل کر دیا گیا، 4 ملزمان گرفتار

قتل کا واقعہ دیرینہ دشمنی کا نتیجہ ہے، قانون ہاتھ میں لینے والوں سے آہنی ہاتھوں نمٹا جائیگا

لاہور (این این آئی) سرحدی علاقہ ہڈیارہ کے علاقے میں 70 سالہ خاتون کو قتل کر دیا گیا، پولیس نے فوری ایکشن لیتے ہوئے 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزمان حقیقی بھائی ہیں۔ پولیس اور فرانزک (بقیہ نمبر 5)

اندرون دہشت گردی کا فیصلہ اصول قانون، سچ و انصاف کے منافی ہے

پی ٹی آئی اراکین قومی اسمبلی نے جسمانی ریمانڈ کا فیصلہ اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے اراکین قومی اسمبلی شیخ وقاص اکرم، زین قریشی، شیر افضل اور شعیب شاہین نے 8 روزہ جسمانی ریمانڈ کے انسداد دہشت گردی عدالت کے فیصلے کو اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کر دیا۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے وکلا علی بخاری اور عادل عزیز چاشنی کے ذریعے نظر بندی اور خواتین وائر (بقیہ نمبر 5)

وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ اور گورنر سندھ کامران ٹیسوری بابائے قوم قائداعظم محمد علی جناح کی برسی کے موقع پر مزار قائد پر حاضری کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

کاروکاری کے معاملے پر دو گروپوں میں تصادم، پانچ افراد ہلاک

رحیم یار خان (این این آئی) ضلع رحیم یار خان کے تھانہ باچکہ میں کچے کے علاقے میں کاروکاری کے معاملے پر دو گروپوں میں ہونے والے تصادم میں کم از کم پانچ افراد ہلاک ہو گئے۔ رحیم یار خان کے تھانہ باچکہ کی حدود میں واقع کچے کے علاقے (بقیہ نمبر 5)

ایمبولینس کا اپنا ہی بورڈ آویزاں نہ ہونے کی وجہ سے ایک گاڑی دوسری ریلے کے پیچھے پھنسی ہوئی ہے

راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ میں سینٹری ورکرز کی خالی آسامیاں نہیں ہیں، خواجہ محمد آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ میں سینٹری ورکرز کی خالی آسامیاں نہیں ہیں۔ بدھ کو وقفہ سوالات کے دوران ڈاکٹر شاہوہ رحمانی کے سوال کے جواب میں خواجہ محمد آصف نے کہا کہ نہ (بقیہ نمبر 3)

پی ٹی آئی کا (کل) لاہور میں احتجاجی ریلیاں نکالنے کا فیصلہ

ریلیوں کا مقصد اسیر قائدین و کارکنان کی رہائی کے لئے احتجاج کرنا ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے کل (جمعہ) لاہور میں احتجاجی ریلیاں نکالنے کا فیصلہ کر لیا۔ بتایا گیا ہے کہ لاہور کے تمام صوبائی حلقوں میں ریلیاں نکالی جائیں گی تحریک انصاف کے اراکین اسمبلی اور ٹکٹ ہولڈر ریلیوں کی قیادت (بقیہ نمبر 7)

پشاور ہائیکورٹ میں آئی پی پیز کے خلاف درخواست دائر

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ میں آزاد پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کے خلاف درخواست دائر کر دی ہے۔ درخواست سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریل اسٹیٹ ایوی ایشن کی جانب سے دائر کی گئی ہے، جس میں وفاقی حکومت، پیپکو، الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا)، پشاور الیکٹرک (بقیہ نمبر 5)

باجوڑ کے علاقے میں پولیو ٹیم پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت

حسن نقوی کی حملے میں شہید پولیس کانسٹیبل لقمان اور پولیو ورکر ابوہریرہ کو خراج عقیدت پیش

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات حسن نقوی نے حملے میں شہید پولیس کانسٹیبل لقمان اور پولیو ورکر ابوہریرہ کو خراج عقیدت پیش کرتے (بقیہ نمبر 8)

جنوبی ایشیا میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کے لیے تزویراتی پیچیدگیوں کے مطابق

جدید حکمت عملی اپنانے کی ضرورت کے عنوان پر سیمینار

اس سیمینار میں جنوبی ایشیا میں تزویراتی استحکام اور جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کے پیچیدہ اقدامات کا جائزہ لیا گیا

ممتاز مہمان شاہد، سینئر ریسرچر، CASS لاہور نے تقریب کے آغاز میں سیمینار کے مقاصد اور عنوان کا تعارف پیش کیا

قل پیکٹم ڈیٹرنس پالیسی کا مقصد بھارت کی ایٹمی پالیسی کے جواب میں کم سے کم دفاعی صلاحیت برقرار رکھنا ہے، لیفٹیننٹ جنرل (ر) خالد قدوائی

تیزی سے بدلتے علاقائی تزویراتی استحکام کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے مشترکہ جدید حکمت عملی کی ضرورت ہے، رایئر مارشل (ر) عاصم سلیمان

لاہور (فرائیڈ عوامی للکار) سینئر فارایرا ایسیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS) لاہور نے 10 ستمبر 2024 کو جنوبی ایشیا میں جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کے لیے تزویراتی پیچیدگیوں کے مطابق جدید حکمت عملی اپنانے کی ضرورت کے عنوان سے ایک سیمینار کا انعقاد کیا۔ اس سیمینار میں جنوبی ایشیا میں تزویراتی استحکام اور جوہری ہتھیاروں کے کنٹرول کے پیچیدہ اقدامات کا جائزہ لیا گیا اور اس تناظر میں بھارتی جارحیت اور ٹیکنالوجی کے باعث جدید تیز رفت کے اثرات پر (بقیہ نمبر 2)

سینئر فارایرا ایسیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز (CASS) لاہور میں سیمینار کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
ABC
عوام کی سب سے صاف للکار
بانی: کامریڈ حسین نواز شمیم، ایڈیٹر: کامریڈ فیصل عجیب

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

چیف منسٹر کلینک آن ویل شروع کرنے کا فیصلہ

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیرِ صدارت کابینہ سٹینڈنگ کمیٹی برائے فنانس اینڈ ڈویلپمنٹ کا 6واں اجلاس منعقد ہوا جس میں پنجاب کی 112 تحصیلوں میں چیف منسٹر کلینک آن ویل شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا-112 تحصیلوں میں 444 کلینک آن ویل وین مہیا کی جائیں گی-112 کلینک آن ویل میں الٹراساؤنڈ کی سہولت میسر ہوگی -پنجاب فلم فنڈ قائم کرنے کی منظوری دی گئی-سرگودھا اور ڈیرہ غازی خان ریجن میں بارڈر آؤٹ پوسٹس کی اپ گریڈیشن اور تعمیر و بحالی کی منظوری دی گئی- کابینہ نے قائداعظم برٹس پارک شیخوپورہ کے داخلی راستے پر ایم ڈبلیو اینٹرنس چینج بنانے کی منظوری دی -اجلاس میں چن دا قلعہ چوک گوجرانوالہ میں فلائی اوور کی تعمیر اور سالانہ ترقیاتی پروگرام 2024-25 میں ناروال کرتار پور کوریڈور سکیم پر اتفاق کیا گیا-میانوالی سے سی پیک انٹرچینج داود خیل میں ایڈیشنل کیرج وے کی تعمیر کا جائزہ لیا گیا-پولیس شہداء کے اہل خانہ کے گھروں کے لئے گرانٹ بڑھانے اور سالانہ ترقیاتی پروگرام 2024-25 میں روڈز کے میگا پراجیکٹس کی منظوری دی گئی- دہلی ملتان روڈ اور ٹوبہ ٹیک سنگھ سمیت 3 روڈز کو دو رویہ بنانے کا اصولی فیصلہ کیا گیا- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ملتان وہاڑی روڈ دو رویہ سڑک بنانے کی ہدایت کی- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ عوام کی سہولت دیکھیں گے، سنگل روڈ بھی گیا تو ٹریفک کے مسائل برقرار رہیں گے- مالی سال 2023-24 میں چار ڈرین کے لیے سپلیمنٹری گرانٹ کے تحت فنڈز کی درخواست کی منظوری دی گئی- برقی روڈ تا ہڈیارہ ڈرین سیوریج لائن بچھنے سے نکاسی آب کا نظام بہتر ہوگا- سچی آبادیوں اور زرعی زمین کو سیلاب کی وجہ سے زمینی کٹاؤ سے بچانے کے لئے فلڈ پروٹیکشن بند کی منظوری دی گئی- وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہر سال آنے والے سیلاب سے مستقل بچاؤ کے لئے پائیدار اقدامات کرنے کا حکم دیا ہے- وزیراعلیٰ نے کہا کہ ہر سال سیلاب کی وجہ سے نقصان نا اہلی کے مترادف ہے- کابینہ نے بچوں کی ایمرجنسی کیئر کی بہتری کے لئے چائلڈ لائف فاؤنڈیشن کے لئے گرانٹ ان ایڈ کی منظوری دی- پنجاب میں ریفرز ہاسپٹلکو نمبر پلیٹر مہیا کرنے کی منظوری دی گئی- محکمہ ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی میں ڈیجیٹل کیپٹیفیکیشن سیل کو سٹریٹجک کیپٹیفیکیشن سیل میں تبدیل کرنے -مری میں بائیوڈیورسٹی پارک مری سکیم کی اپ گریڈیشن کے لیے فنڈز اور بانسرہ گلی زوالوجیکل گارڈن کی ریویمپنگ کی سکیم کی شمولیت کی منظوری بھی دی گئی- مری ڈویلپمنٹ پلان کی منظوری دی گئی-

والدین کے حقوق

سید محمد رضا زیدی

منوں مٹی کے نیچے سونے والے پیارے ای اور ایکوا کوئی دن ایسا گزرتا ھے کہ آپ لوگوں کی کمی نہ محسوس ھوتی ھو، آپ لوگوں کی یاد نہ آتی ھو، آپ لوگوں کی آوازکانوں میں نہ گونجتی ھو،کہیں ایسا ھو نہیں سکتا کیونکہ آپ ایک بہترین پیار کرنے والے اور اپنی ھر خواھش و ضرورت کو اولاد پر بوجھ دینے والے والدین تھے۔

غربت میں بڑے کنبے کو جس طرح خود داری کی ساتھ پالا پوسا، وہ ھر دن ھمارے اوپر ایک قرض ھے۔ جو شاید زندگی کا حصہ ھی رھے گا کہ اولاد کبھی بھی ماں باپ کی خدمات کا قرض اتار ھی نہیں سکتی۔

وہ ایک رات جس دن ماں باپ اولاد کی بیماری میں جاگ گزارتے ھیں، اولاد کی ساری زندگی کی راتوں سے زیادہ بھاری ھے اور اگر ماں باپ ایسا نہ کرتی تو اولاد کبھی کی تلف ھوجاے

قران کریم میں اللہ تبارک نے کس طرح اگلے رحموں کی طرف انسان کی توجہ مبذول کروائی اور فرمایا

اور انکوا گواری سے آف بھی مت کہو

امام جعفر صادق رح سے جب اس آیت کی تفسیر میں پوچھا گیا تو فرمایا

اف

نگاہ پروردگار عالم میں اگر اف سے کم تر بھی کوئ لفظ ھوتا تو وہ بھی استعمال کرتا مگر اف سے کم کو لفظ نہیں یعنی اولاد کا ناگواری کا اظہار بھی والدین کے شایان شان نہیں۔

خداوند عالم کے عظیم احسانات کے بعد ماں باپ کے احسانات کا مقام و مرتبہ ہے جن کی پرورش وتربیت میں ربوبیت الٰہی کی جھلک نظر آتی ہے اور وہ بغیر کسی طمع ،غرض اور عوض کے بیہم تربیت کا اہتمام کرتے اور شفقت و مہربانی کے سایوں میں پروان چڑھاتے ہیں اور ان کے احسانات کے بدلے میں ان کے حقوق کا اعتراف کیا جائے اور ان کا احترام ملحوظ رکھا جائے تحقی کے شریعت نے بھی ان کے ساتھ نیکی کا تاکید حکم دیا ھے

چنانچہ ارشاد الٰہی ہے:

"تمہارے پروردگار کا حکم ہے کہ اس کے سوا کسی کی پرستش نا کرو اور ماں باپ کے ساتھ بھلائی کرو۔ اگر ان میں سے ایک یا دونوں بڑھاپے کو پہنچیں تو انہیں (کسی ناگوار بات پر) ہاتھ نہ اوران سے نرمی سے بات کرو اور شفقت ومہربانی سے ان کے سامنے عاجزی وانکساری کا اظہار کرو اور کہو: کہ اے میرے پروردگار! جس طرح ان دونوں نے بچپن میں میری پرورش کی اس طرح تو بھی ان پر رحم فرما"۔

اللہ تعالیٰ نے اس آیت میں اپنی عبادت کا بلا شرکت غیرے حکم دیا ہے اور اس کے پہلو بہ پہلو ماں باپ کے ساتھ حسن سلوک کا بھی ذکر کیا ہے۔ تاکہ ربوبیت حقیقی کے ساتھ ربوبیت مجازی نظر انداز نہ ہونے پائے اور دونوں کے تقاضے یکساں پورے ہوں۔ اس طرح کے اللہ تعالیٰ کی پرستش کرے اور ماں باپ کے ساتھ نیکی کرے۔

صحیفہ کاملہ میں امام سجاد علیہ السلام اپنی والدین کے حق میں دعامیں فرماتے ہیں

* "اے اللہ! ان کی یاد کو نمازوں کے بعد رات کی ساعتوں اور دن کے تمام لمحوں میں کسی وقت فراموش نہ ہونے دے۔

اے اللہ! محمد اور ان کی آل صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور مجھے ان کے حق میں دعا کرنے کی وجہ سے لازمی طور پر بخشش دے، اور میری سفارش کی وجہ سے ان کے قطعی طور پر راضی وخشنودی ہو، اور انہیں عزت وآبرو کے ساتھ سلامتی کی منزلوں تک پہنچانے "*

بقول قرآن، اور بہ وعدہ قرآن، پروردگار عالم ھر اولاد کو ایک موقع بھر دینے والا ھے کہ جب ارشاد باری تعالیٰ ھے

ھم جنت میں اولاد کو والدین کے ساتھ ملا دیں جو دین میں اپنے والدین کے نقش قدم پر چلتے ھونگے

تو بس ان شاءاللہ دعا کرنا چاھیے کہ ھم اپنے والدین کے نقش قدم پر چلیں اور اسکے حق میں دعا کرتے رھیں کہ عنقریب برزخ سے ان سے ملاقات کا سلسلہ شروع ھوگا اور روز محشر پھر ملاقات ھوگی اور پھر ان شاءاللہ صیغہ ھمیشہ کے لیے جنت الفردوس میں اکٹھا سایہ عاطفت پھر میسر ھوگا۔

ھر اس خطا ولغزش کو جو اولاد جانے انجانے کرتی ھے اسکو یاد کرکے اللہ سے مغفرت مانگنی چاہیے کہ بڑھاپے میں تو وہ ساری قوت و طاقت، اولاد کے لئے صرف کر چکے ھوتے ھیں کہ بس ھر زیادتی کو برداشت کرنے کے علاوہ انکے پاس کوچارہ نہیں ھوتا۔

ھر روز دو رکعت نماز مغفرت والدین پڑھیں جو نماز فجر کی طرح پڑھی کہ یہ نہ صرف والدین کی مغفرت اور انکے گناھوں کا کفارہ ثابت ھوتی ھے بلکہ اولاد کے ان گناھوں کا کفارہ بھی جو ھم زندگی میں اولاد جانے انجانے والدین کے حقوق نہ ادا کر کے یا انکو غم وتکلیف پہنچا کر دیتی ھے۔ یہ بھی کہ یہ ایس دعوی محبت کا بھی ایک ثبوت ھوگا کہ جو ھم انکے لیے زبانی کرتے رھتے ھیں۔

والدین وہ سایہ عاطفت ومحبت والفت ھوتے ھیں جنکی کمی دنیا کی کوہ دولت پوری نہیں کرسکتی۔

وہ دعا جو والدین کے دل سے نکلتی ھے دنیا کی ھر شے سے زیادہ قیمتی ھے جاو ھم سے چھین لی گئی ھے

انکے اعمال کا دفتر اب بند ھو چکا مگر اولاد کے نیک اعمال انکے نامہ اعمال میں آج بھی لکھے جارھے ھیں۔ بس اسکا اور اک بہت ضروری ھے

موت سے کس کو رستگاری ھے

آج تو، کل ھماری باری ھے

قائد کی برسی

میاں حبیب

جو دنیا میں آتا ہے اسے آخر کسی نہ کسی دن لوٹ کر واپس جانا ہوتا ہے۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جو مرنے کے ساتھ ہی ختم ہو جاتے ہیں۔

نہ ان کا کوئی نام لیوا ہوتا ہے نہ ان کو یاد کیا جاتا ہے کیونکہ وہ صرف اپنی زندگی جیتے ہیں ان کو کسی سے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔ کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جنھیں اپنی زندگی سے کوئی غرض نہیں ہوتی۔ وہ دوسروں کے لیے جیتے ہیں۔ نہ وہ اپنے لیے سوچتے ہیں نہ انھیں اپنا مفاد عزیز ہوتا ہے۔ وہ دوسروں کے مفاد کے لیے سوچتے ہیں اور عظیم مقصد کے لیے اپنی جان بھی قربان کر دیتے ہیں۔ ایسے لوگ ہمیشہ کے لیے امر ہو جاتے ہیں۔ بابائے قوم حضرت قائداعظم کا شمار بھی دنیا کی ان چند شخصیات میں ہوتا ہے جنھوں نے تاریخ کا دھارا موڑ دیا، جنھوں نے اپنی زندگی عظیم مقصد کے لیے وقف کر دی۔ وہ مرکر بھی زندہ ہیں۔ اگر چہ وہ اس جہان فانی سے کوچ کر گئے لیکن کروڑوں دلوں میں بستے ہیں، دن رات انھیں خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے، ان کا احسان پاکستانی قوم قیامت تک یاد رکھے گی۔ آج اس عظیم قائد کی برسی ہے جس کی دور اندیشی نے مسلمانان ہند کو ایک علیحدہ وطن لے کر دیا۔ وطن بھی ان کی فہم وفراست اور اصول پسندی کے قائل تھے وہ برملا کہتے تھے کہ اگر مسلمانوں کے پاس قائداعظم محمد علی جناح نہ ہوتے تو کبھی بھی پاکستان نہ بن سکتا۔ یہ قائداعظم کی عظیم شخصیت تھی کہ وہ ایک دن جیل جائے بغیر اتنی بڑی تحریک کو کامیابی سے ہمکنار کر گئے۔ انھوں نے ہمیشہ قانون کی پاسداری کی، وہ اپنے کردار کی وجہ سے ایک عظیم قائد کی زندگی کا احاطہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ انھوں نے کبھی جھوٹ نہیں بولا، کبھی وعدہ خلافی نہیں کی، کبھی اصولوں سے روگردانی نہیں کی، وہ وقت کے پابند تھے، انھوں نے اپنی زندگی کا ایک ایک لمحہ قوم کے لیے وقف کر رکھا تھا۔ وہ ساری زندگی کسی سے مرعوب نہیں ہوئے، پوری زندگی کبھر دمائر نہیں کیا۔ انھیں قیام پاکستان کی جدوجہد سے ڈی ٹریک کرنے کے لیے کیا کچھ نہیں کیا گیا تھا لیکن ان کے فولادی عزم کو کوئی بھی متزلزل نہ کر سکا۔ انھوں نے اپنی بیماری کو چھپائے رکھا کہ کہیں پاکستان کے قیام میں تاخیر نہ ہو جائے۔ انھیں پتہ تھا کہ انھیں ٹیبر ق کی مرض لاحق ہے اس وقت تب دق کا علاج ممکن نہ تھا اور یہ کینسر کی طرح خوفناک مرض تھا۔ اب تو کینسر کا بھی علاج ممکن ہو گیا ہے۔ قائداعظم کے ایک معالج بمبئی کے ڈاکٹر پٹیل نے ان کا ایکسرے کیا جس میں ان کے پھیپھڑوں کی حالت واضح تھی۔ ڈاکٹر نے انھیں مکمل آرام کے لیے کہا کہ اس کا علاج صرف آرام ہے لیکن قائداعظم نے فرمایا اگر اس راز کو رازہی رہنے دیں اس ایکسرے کی کسی کو خبر نہ ہو۔

چنانچہ ڈاکٹر پٹیل نے وہ ایکسرے اپنی الماری میں تالے میں رکھ لیا اور کسی کو نہ بتایا۔ وہ جب زیارت میں تھے اور لاہور سے آئے ہوئے ڈاکٹر الٰہی بخش نے ان سے بیماری بارے پوچھا تو انھوں نے بتایا کہ ان کا معدہ خراب ہے۔ اگر وہ ٹھیک ہو جائے تو وہ جلد کام کرنا شروع کر دیں گے۔ ڈاکٹر الٰہی بخش نے جب بتایا کہ آپ کے پھیپھڑوں کا زیادہ سنسلہ ہے تو انھوں نے کہا ہاں مجھے علم ہے۔ لارڈ مونٹ بیٹن نے لیری کلنٹر اور ڈومینک لاپیئر کو ایک انٹرویو میں بتایا تھا کہ اگر مجھے پتہ ہوتا کہ قائداعظم اتنی جلدی فوت ہو جائیں گے تو میں کبھی ہندوستان کو تقسیم نہ ہونے دیتا۔ بانی پاکستان کی عظیم جدوجہد اور فہم وفراست سے مسلمانان ہند ایک علیحدہ وطن حاصل کرنے میں تو کامیاب ہو گئے لیکن افسوس صد افسوس کہ قائد کو اس وطن کی تعمیر کا موقع نہ مل سکا۔ قائد کی رحلت کے بعد ہم معاملات کو نہ سنبھال سکے اور قوم آج تک بھٹک رہی ہے۔ 1947ء کے قبل ہم ایک قوم تھے لیکن ہمارے پاس وطن نہیں تھا آج ہمارے پاس وطن ہے لیکن ہم ایک قوم نہیں رہے ہم آج تک حصول پاکستان کی منزل حاصل نہیں کر پائے۔ آج ہم نے قائد کے پاکستان کا جو خاکہ کر دیا ہے اس سے قائد کی روح تڑپ رہی ہو گی۔ ہم نے اپنے کرتوتوں اور عاقبت نااندیش فیصلوں کی وجہ سے پہلے آدھا ملک گنوا دیا پھر اپنے مفادات کی سیاست سے ملک کا وقار رہا کر دیا۔ عام آدمی کی آزادی اور خوشحالی کا جو خواب قائد نے دیکھا تھا وہ شرمندہ تعبیر نہ ہو سکا۔ ہمارے حکمران قائد کے اصولوں کو بھول کر ذاتی خواہشات کے مطابق ملک کو چلاتے رہے۔ عام آدمی کا سوچنے کی بجائے اپنا مفاد سوچتے رہے۔ اور آج ہماری حالت یہ ہوگئی ہے کہ دنیا میں ہماری شناخت ایک بھکاری قوم کی سی ہے۔ آج اس عظیم قائد کی برسی ہے جس کی زبان پر مرتے وقت بھی اللہ اور پاکستان کے الفاظ تھے۔ انھوں نے ان ہی دو لفظوں کے ساتھ کلمہ طیبہ پڑھا اور اپنے خالق حقیقی کی طرف لوٹ گئے۔ آج اس عظیم قائد کی برسی ہے جس نے اپنی تمام جائیدادیں پاکستان کے نام وقف کر دیں۔ آج اس عظیم قائد کی برسی ہے جن کے پنندیدہ باورچی کو پنجاب حکومت نے ڈھونڈ کر زیارت بھجوایا تو آپ نے فاطمہ جناح کو حکم دیا کہ اسے یہاں پہنچانے کے تمام اخراجات میری جیب سے ادا کیے جائیں۔ آج اس عظیم قائد کی برسی ہے جس نے اپنی کابینہ کو سرکاری خرچ سے چائے بھی نہیں پینے دی۔ آئیں آج اصولوں کے پاسدار قائداعظم کی برسی کے موقع پر عہد کریں کہ ہم قائد کے پاکستان میں کسی کو کھلواڑ نہیں کرنے دیں گے، سیاست قائد کے اصولوں کے مطابق ہوگی، ریاست پاکستان کو چلانے کا جو روڈ میپ قائد نے دیا تھا اس پر عمل کروائیں گے۔

آج پاکستان جن مسائل سے دوچار ہے اس سے نکلنے کا واحد حل قائداعظم کے رہنما اصولوں پر عمل پیرا ہونے سے ہی ممکن ہے۔

SHOWBIZ شوبز

راکھی ساونت خالہ بننے پر خوشی سے نہال، کھلونے خریدتے ویڈیو وائرل

کھلونے خریدنے والی ویڈیو وائرل ہوتے ہی صارفین کی توجہ کا مرکز بن گئی

سمتی (این این آئی) جہاں بالی ووڈ کی معروف جوڑی اداکارہ دیپیکا پڈوکون اور اداکار رنویر سنگھ اپنی نجی زندگی کو پبلک سے چھپانے میں مصروف ہیں، وہیں راکھی ساونت دنیا میں سنگھی شہزادی کے لیے کھلونے خریدنے میں مصروف ہیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر راکھی ساونت کی ایک ویڈیو وائرل ہو رہی ہے۔ جس میں انہیں دنیا کے شاپنگ مال میں خریداری میں راکھی ساونت کو دیکھتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو میں راکھی ساونت کو دیکھتے ہوئے کہیں سے کہ ساری (خالہ) بننے پر بہت خوش ہوں۔

جنت مرزا کی جاپانی فیشن انڈسٹری میں انٹری

سوشل میڈیا انفلوئنسر نے فیشن شوہیں سرخ وجامنی مختلف لباس میں 2 مرتبہ ریمپ پر جلوے بکھیرے

ٹوکیو (این این آئی) پاکستانی ٹک ٹاک کوئن اور آبجری ہوئی اداکارہ جنت مرزا نے پاکستانی فیشن انڈسٹری کے بعد جاپانی فیشن انڈسٹری میں بھی انٹری دے دی۔ ٹوکیو ایڈو ویڈیو شیرنگ پلیٹ فارم انسٹاگرام پر پاکستان کی سب سے زیادہ فالوورز رکھنے والی ٹک ٹاکر، یوٹیوبر اور کانٹینٹ کری ایٹر نے جاپانی فیشن شوکی چند جھلکیاں تصویر کی صورت میں شیئر کی ہیں۔ انہوں نے انسٹاگرام پر جاپانی فیشن شوہیں مکمل جاپانی ماڈلنگ ایجنسی کی ایڈی پاری پر منعقدہ فیشن شوہیں ریمپ واک کرتے ہوئے سوشل میڈیا انفلوئنسر نے فیشن شوہیں سرخ وجامنی مختلف لباس میں 2 مرتبہ ریمپ پر جلوے بکھیرے۔ انسٹاگرام پر تصویر میں تک ٹاکر نے بتایا کہ انہیں جاپانی ماڈلنگ ایجنسی کی ایڈی پاری پر منعقدہ فیشن شوہیں ریمپ واک کرنے پر بھرپور خوشی ہوئی۔ انہوں نے

میری شادی کا جوڑا جل گیا تھا، سعدیہ امام کا انکشاف

شاٹ سرکٹ کے باعث پورا کارخانہ جل گیا تو میری شادی کا جوڑا بھی جل گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ سعدیہ امام نے انکشاف کیا ہےکہ ان کی شادی کا جوڑا تیاری کے وقت جل گیا تھا۔ سعدیہ امام نے حال ہی میں ایک ٹی وی شو کے مارننگ شو میں بلور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے اپنی شادی کے جوڑے کی تیاری کے وقت پیش آنے والے حادثے کے بارے میں بتایا۔ انہوں نے بتایا کہ میں اس وقت پڑوس کا کاروبار کر رہی تھی اور اپنی شادی کا جوڑا بھی میں خود ہی خاص کی تو جب کارخانے میں میری شادی کا جوڑا تیار ہو رہا تھا کہ اس دوران شاٹ سرکٹ ہوا اور پورا کارخانہ جل گیا تو میری شادی کا جوڑا بھی جل گیا۔

آڈیشن کیلئے رات 11 بجے بلا کر بولڈ لباس پہننے کا کہا گیا، حرا خان

انٹرویو کا مختصر ویڈیو کلپ ان دنوں مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ہے

کراچی (این این آئی) پاکستانی اداکارہ حرا خان نے کاسٹنگ فراڈ کا تلخ تجربہ بیان کر کے سے آنے والے فنکاروں کو خبردار کر دیا۔ اداکارہ کاشی ہیگر یوں کو دیے گئے انٹرویو کا مختصر ویڈیو کلپ ان دنوں مختلف سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر وائرل ہے۔ وائرل کلپ میں اداکارہ نے کسی کا نام لیے بغیر آڈیشن کے نام پر ہونے والے دھوکے کا قصہ سنایا اور بتایا کہ کس طرح انڈسٹری کے تجربہ کار فنکار نے انہیں جعلی آڈیشن کے لیے تجویز کیا اور پھر انڈسٹری کے ایک اور بدایت کار نے انہیں اس دھوکے سے آگاہ کیا۔

ملائیکہ اروڑا کی اداکار ارجن کپور سے تعلق توڑنے کے بعد مخفی پوسٹ

سمتی (این این آئی) بالی وڈ اداکارہ اور آئٹم سونگ کے حوالے سے مشہور ملائیکہ اروڑا نے اداکار ارجن کپور سے متعلق ٹوٹنے کے بعد کئی الفاظ میں نوٹ شیئر کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا گیا کہ ان لوگوں کو دیکھیں جو آپ کی خوشیوں پر خوش اور غم پر دکھی ہوتے ہیں۔ گورکا ملائیکہ اروڑا نے نیشن میں کچھ نہیں بتایا، تاہم یہ نوٹ پڑھ کر پتا چلتا ہے کہ یہ پوسٹ ایک ایسے وقت سامنے آئی ہے جب وہ ارجن کپور سے تعلق توڑنے کے بعد کافی سے شہر سرخیوں میں ہیں۔ یاد رہے کہ دونوں کے درمیان چند ماہ قبل تعلقات ختم ہو گئے ہیں لیکن ایک بار پھر ملائیکہ نے اپنے انسٹاگرام اسٹوری پر جو کچھ پوسٹ کیا ہے اس سے ظاہر ہو رہا ہے کہ ان کے درمیان کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ یہ پوسٹ ایک ایسے وقت سامنے آئی ہے جب ملائیکہ اروڑا نے نیشن میں کچھ نہیں بتایا، تاہم یہ نوٹ پڑھ کر پتا چلتا ہے کہ یہ پوسٹ ایک ایسے وقت سامنے آئی ہے جب وہ ارجن کپور سے تعلق توڑنے کے بعد کافی سے شہر سرخیوں میں ہیں۔ یاد رہے کہ دونوں کے درمیان چند ماہ قبل تعلقات ختم ہو گئے ہیں لیکن ایک بار پھر ملائیکہ نے اپنے انسٹاگرام اسٹوری پر جو کچھ پوسٹ کیا ہے اس سے ظاہر ہو رہا ہے کہ ان کے درمیان کچھ ٹھیک نہیں ہے۔ یہ پوسٹ ایک ایسے وقت سامنے آئی ہے جب ملائیکہ اروڑا نے نیشن میں کچھ نہیں بتایا، تاہم یہ نوٹ پڑھ کر پتا چلتا ہے کہ

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 12 ستمبر 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

شہید محمد مبرہ تکیال، ولایت ٹیکسٹائل، ایس انڈسٹریز او ڈیلیوٹاپ ایس اٹھمان، موگہ، بوہمیال، ہائی کلاسیک، ہائی ٹیک، شاہ دولہ، گھنٹہ سیف فیڈر، راولپنڈی سٹی سرکل، کفہ ۱۱ فیڈر، آئیسر، آئیسر کالونی، نٹ کارٹیاں، ہولی فیملی ہاسپٹل، بلا کٹ، بی، طارق شہید، جہلم فیڈر، ہائک سرکل، چاکھی آباد فیڈر، جہلم سرکل، اسلام پورہ، گنگر، قاضیہ، ٹرکل فیڈر، کہوٹہ، بکھوال سرکل، راول سائٹ، شریف آباد، کفہ ایسٹ، دھوبی آباد، ترامری، مکوری گارڈن، سوہدرن روڈ، ہرمان، الفیڈر، قادر پور، پنڈی ایم ایم ای، ایم ایم ٹھیکریال، کوہالہ، نیلی، نیک فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، مجیب شہید، پارک، پنڈی پوری، بورڈ بنیل، پارک کار، ریڈ، بورڈ، پارک، ویڈیوی فوٹیلیٹی، مجیب

12 ستمبر 2024ء بروز جمعرات

07:00 سے 12:00 تک

بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس

عارضی بجلی بندش کا شیڈول

بقیہ 1 — راولپنڈی ڈویژنل انتظامی کے دیگر اہلکار مشال تھے۔ جائزہ لیا گیا کہ ڈویژن کے پبلک افسران و اہلکاروں میں جن میں ایسکو اڈا ہاؤس علماء سب ایسکو (ایس ڈی او) ظاہر سرور خیلی، اسسٹنٹ سب ایسکو (ایس اے ای) اشرف، میٹر ٹیکنیشن (ایم ٹی) مشتاق احمد، ٹیکنیکل ہیلپر محمد اور رضوان شامل ہیں، کو زخمی کیا جبکہ ۴ پولیس اہلکار محمد اقبال، محمد ریاض، حسن رضا اور بلاسر محمود سے جیری علوم و ہاشی کو زخمی کیا گیا ہے۔ ایس ایڈیو پنڈی بھٹی نعمان شاہد نے کہا کہ پولیس کی ٹیمیں بھیجی گئی ہیں۔ ایسکو اڈا ہاؤس کے

غیر قانونی جائیدادوں کے خلاف کارروائیاں جاری

انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے سید پور ہاؤسنگ سکیم راولپنڈی میں غیر قانونی ایک گودام اور ایک دکان کو سربمہر کر دیا

کمرشل عمارتوں کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا۔ ترجمان آر ڈی اے کے مطابق آپریشن کے دوران انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے کیا جس میں کامطیس کے ایک گودام اور محلہ رحمت سلطان میں ایک دکان سٹمن اینڈ بیف پلاٹ نمبر 549 اور پلاٹ نمبر 235 کو سربمہر کر دیا ہے۔ آپریشن انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے کیا جس میں بلڈنگ انسپکٹرز اور (تفصیل نمبر 1)

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) ڈائریکٹر جنرل راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کنوز مرتضیٰ بلوچ پر انفورسمنٹ سکواڈ آر ڈی اے نے سید پور ہاؤسنگ سکیم راولپنڈی میں غیر مجاز و غیر قانونی

پارلیمنٹ کے اندر گرفتاریاں، سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف معطل

سارجنٹ ایٹ آرمز اور دیگر 4 سیکورٹی اہلکاروں کو 4 ماہ کے لیے معطل کیا

اسلام آباد (این این آئی) پارلیمنٹ کے اندر گرفتاریوں کے معاملے پر اسمبلی کی سیکورٹی میں غیر ذمہ داری پر سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کو معطل کر دیا گیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے سارجنٹ ایٹ آرمز کو 4 ماہ کے لئے معطل کیا ہے۔ پارلیمنٹ میں سیکیورٹی میں ناکامی پر دیگر 4 سیکیورٹی اہلکاروں کو بھی معطل کیا گیا ہے۔

ایڈوانس میٹرنگ انفراسٹرکچر اے ایم آئی پراجیکٹ پاور سیکٹر میں اصلاحات اور جدت کی جانب سنگ میل ثابت ہوگا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کی جانب سے ایڈوانسڈ میٹرنگ انفراسٹرکچر (AMI) منصوبے کے پراجیکٹ ڈائریکٹر حسن رضا گیلانی نے پرنٹ میڈیا نمائندگان کو ایک تفصیلی بریفنگ دی، جس میں منصوبے کے اہم اغراض و مقاصد، پیش رفت، آئیسکو صارفین اور قومی گرڈ کے لیے طویل مدتی فوائد پر روشنی ڈالی گئی۔ بریفنگ کے دوران ان ڈی اے اے آئی کا کہنا تھا کہ نظام کو جدید خطوط پر (تفصیل نمبر 2)

پراجیکٹ ڈائریکٹر اے ایم آئی آئیسکو حسن رضا گیلانی پرنٹ میڈیا نمائندگان کو AMI پروجیکٹ کے بارے میں بریفنگ دے رہے ہیں

آسٹریلیا کیلئے بک کروائے گئے کھسوں سے 37 کلوگرام آئس برآمد

اے این ایف کے مطابق اینٹی جنس اطلاع پر لاہور میں واقع کوریئر آفس پر چھاپہ مارا گیا (این این آئی) لاہور (این این آئی) آسٹریلیا کے لیے بک کروائے گئے کھسوں سے 37 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔ اینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) کے مطابق انٹیلیجنس اطلاع پر لاہور میں واقع کوریئر آفس پر چھاپہ مارا گیا۔ چھاپے کے دوران آفس میں موجود کھسوں کے 20 ڈبے

ذہنی مریضہ نے دھکا دیدیا، بچہ نالے میں گر کر جاں بحق

بچے حیدر کے والد نے پولیس ہیلپ لائن مددگار ون فائیو پر کال کر کے آگاہ کیا تھا

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے پرانا گولیمار نالے میں گزشتہ روز ذہنی مریضہ کے بچے کی اغوا کال کی گئی۔ کراچی کے علاقے پرانا گولیمار نالے میں گر کر اوپہ ہونے والے 8

پنشن کم یا ختم کرنے کے طریقہ کار پر تحفظات ہیں، راجہ پرویز اشرف

اداروں کو پرائیویٹائز کرنے کی بجائے انہیں پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت چلایا جائے

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم اور کل قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے وزیر خزانہ کے بیان پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنشن ختم کرنے کی کسی حزدور کی حق تلفی نہیں ہوگی بلی اے اور دیگر اقدام کے حوالہ سے بیڈ اور کرف طرف سے جاری گئے لیٹر کی تشریح میں غلط فہمی

کسی ریلوے مزدور کی حق تلفی نہیں ہوگی، سی ای او عامر بلوچ

شیخ انور کی قیادت میں پریم یونین کی سی ای او اور ریلوے سے ملاقات، مسائل کی نشاندہی

راجہ وال (این این آئی) سی ای او پاکستان ریلوے عامر بلوچ نے کہا ہے کہ پاکستان ریلوے کے کسی مزدور کی حق تلفی نہیں ہوگی بلی اے اور دیگر اقدام کے حوالہ سے بیڈ اور کرف طرف سے جاری گئے لیٹر کی تشریح میں غلط فہمی

عوام نے مہنگائی کم ہونے کے دعوے کو جھوٹا قرار دیدیا

260 روپے کلو میں ملنے والی دال ماش اب 400 روپے کلو میں فروخت کی جارہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) ادارہ شماریات کی جانب سے 9 ماہ میں مہنگائی کی شرح 33 فیصد سے کم ہو کر 9 فیصد کے دعوے کو عوام نے جھٹلا دیا۔ خبری کہتے ہیں کہ چیزوں کی قیمتیں تو کم

فوری ضرورت

Daily Awami Lalkaar

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

چیئرمین قومی اسمبلی سید محمود خان دری و دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ناقص سیفٹی انتظامات، کوئلے کی کانوں میں جان لیوا حادثات

لنگلہ مائنز میں ڈیوٹی سے غفلت برتنے والوں کو فوراً تبدیلی کیا جائے، عوامی مطالبہ

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) چوآ سیدن شاہ چوآ سیدن شاہ میں سیفٹی انتظامات کیجہ سے آئے روز کوئلے کی کانوں میں جان لیوا حادثات وزیر اعلیٰ پنجاب سے عوامی مطالبہ لنگلہ مائنز میں ڈیوٹی سے غفلت برتنے والوں کو فوراً تبدیلی کیا جائے چوآ سیدن شاہ میں قائم کوئل کھیل کی کانوں نمبر 10 پر انسان ناک حادثہ۔ حادثہ پانچ کارکنوں کے ہاسٹ پیش آیا مائن (تفصیل نمبر 3)

زیر حراست ممبران قومی اسمبلی کے پروڈکشن آڈر جاری

قومی اسمبلی کے رواں اجلاس میں شرکت کو یقینی بنانے کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد پولیس نے زیر حراست ممبران قومی اسمبلی کے پروڈکشن آڈر جاری۔ اینکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اسلام آباد پولیس کی زیر حراست ممبران قومی اسمبلی کے پروڈکشن آڈر جاری کر دیے۔ جن ممبران قومی اسمبلی کے پروڈکشن آڈر جاری کیے گئے ہیں ان میں ملک عامر ڈوگر، زین حسین قریشی، وقاص اکرم، شیر افضل، محمد احمد، زین خان وزیر، اویس حیدر گھلو، سید شاہ اصغلی شاہ، نیم علی شاہ، محمد یوسف (تفصیل نمبر 4)



چیئرمین وزیر اعلیٰ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاء الدین، ریجنل دفتر آمد کے موقع پر آئی او بابر

پارلیمنٹ پر شب خون مارنے والوں پر آرٹیکل 6 لگنی چاہیے: بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے پارلیمنٹ پر شب خون مارنے والوں پر آرٹیکل 6 کے تحت کارروائی کرنی چاہیے۔ مشیر اطلاعات بیرسٹر ڈاکٹر سیف نے کہا ہے کہ (تفصیل نمبر 4)

پاکستان میں اس وقت کوئی جمہوریت نہیں، ہمراہ یوب

پشاور (آئی پی پی) انڈیپنڈنٹ لیڈر محمود یب نے کہا ہے کہ پاکستان میں اس وقت کوئی جمہوریت نہیں، ہماری پارلیمانی لیڈر دوبدو ہر روز ہیں۔ پشاور بالیگورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محمود یب نے کہا کہ پشاور بالیگورٹ میں حفاظتی خدمات کی درخواست دائر کریں گے، پنجاب سمیت پورے ملک میں میرے خلاف متعدد (تفصیل نمبر 6)

30 ستمبر تک ٹیکس واجبات کی ادائیگی پر 15 فیصد رعایت کا اعلان

شہریوں کو واجبات جمع کرانے میں بہترین سہولت فراہم کی جائے

عوام اسلام آباد اپنا قومی فریضہ نبھائیں، سی ای او سید علی عرفان رضوی

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) سی ای او سید علی عرفان رضوی کی ہدایات پر راولپنڈی کینٹ بورڈ نے 2024/25 کے لئے کینٹ کے رہائشیوں کو پراپرٹی ٹیکس، پانی، معافیٔ جارج کے واجبات کی ادائیگی پر 15 فیصد رعایت کا اعلان کر دیا۔ اب 30 ستمبر 2024 تک ٹیکس جمع کرانے والے رہائشی مستفید ہو سکیں گے۔ اس ٹیکس میں راولپنڈی کنٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے عل تقسیم

عبدالستار ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب بذریعہ قمر عمرے کے ٹکٹ دینے کا اعلان

1 عدد ٹکٹ حلعائے کرام کے لیے اور 2 عدد ٹکٹ عوام الناس کے لیے

پنڈ دادنخان کھیوڑہ (سرفراز عباس سے سرزمین پر 3 عدد عمرے کے ٹکٹ عل بیج بذریعہ قمر اندازی دیے جا رہے ہیں عمرے کے دو ٹکٹ بذریعہ قمر اندازی مورخہ 17 ستمبر دوشنبل 12 ربیع الاوّل کے مرکزی جلوس کے اختتام پر گول بازار والی مسجد میں (تفصیل نمبر 6)

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور مشاورتی سیشن میں ریوسعت پچوں اور والدین سے گفتگو کر رہے ہیں

تحصیل تربت کے مرکزی بازار میں دھماکا، 5 افراد زخمی

مرکزی بازار میں ہونے والا دھماکا دستی بم کا تھا، تحقیقات کر رہے ہیں ایس ایچ او تربت

تربت (این این آئی) بلوچستان کے ضلع کیچ کی تحصیل تربت کے مرکزی بازار میں دھماکا ہوا ہے، جس کے نتیجے میں 5 افراد زخمی ہو گئے۔ اسٹیشن ہاؤس افسر (ایس ایچ او) سٹی تربت یاسین بلوچ نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ کھر کے میں 5 افراد معمول زخمی ہوئے ہیں، ابتدائی تفتیش کے مطابق مرکزی بازار میں ہونے والا دھماکا دستی بم کا تھا، ایس ایچ او کا کہنا تھا کہ تمام زخمیوں کو طبی اسپتال تربت منتقل کیا گیا ہے۔ تربت یاسین بلوچ نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا مزید کہا کہ پولیس، (تفصیل نمبر 7)

نارووال، مال گرین بلٹ پر گھاس کی کٹائی میں مصروف ہے

اسلام آباد کے بکل صارفین کیلئے 14 روپے فی یونٹ ریلیف ختم

اسلام آباد کے صارفین 14 روپے فی یونٹ ریلیف سے محروم ہو گئے

اسلام آباد (ایاف۔ پی) وزیر اعلیٰ پنجاب کا بکلی کے بلوں میں ریلیف حتمی اعلان تک نہ پہنچنے کا گلہ، اسلام آباد کے صارفین 14 روپے فی یونٹ ریلیف سے محروم ہو گئے۔ حکومت پنجاب کی جانب سے اسلام آباد کے صارفین کے لئے 14 روپے فی یونٹ ریلیف ختم کر دیا گیا، اسلام آباد کے صارفین کو ماہ مئی میں ریلیف ملنے کا، بلنگ سافٹ ویئر میں تبدیلی کیلئے ہدایت جاری کر دیئے گئے۔ اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی کے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی علاقے کے صارفین کو ماہ مئی کے بکل بل یکم جولائی کے (تفصیل نمبر 8)

آمنہ بلوچ نے سیکرٹری خارجہ کی ذمہ داریاں سنبھال لیں

آمنہ بلوچ 33 ویں خارجہ سیکرٹری تعینات ہوئی ہیں، وہ ایک تجربہ کار سفارت کار ہیں

اسلام آباد (ایاف۔ پی) سینئر سفارت کار آمنہ بلوچ نے سیکرٹری خارجہ کی ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ اس حوالے سے ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ آمنہ بلوچ 33 ویں خارجہ سیکرٹری تعینات ہوئی ہیں، وہ ایک تجربہ کار سفارت کار ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے بتایا کہ آمنہ بلوچ جنیوا میں پاکستانی قونصل جنرل رہ چکی ہیں، وہ یورپ، ایران، جنیوا اور ملائیشیا میں پاکستانی سفیر بھی رہ چکی ہیں۔ ممتاز زہرا بلوچ نے کہا ہے کہ آمنہ بلوچ (تفصیل نمبر 9)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل اللہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

آئین کی بالادستی کے بغیر پارلیمنٹ سمیت کوئی ادارہ نہیں چل سکتا، بلاول بھٹو

ہم باہر جو سیاست کریں وہ ہمارا مسئلہ ہے، ایوان کے اندر ہمیں ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا ہوگا، چیئرمین پیپلز پارٹی

سیاست اپنی جگہ، ہمیں ورکنگ ریلیشن شپ رکھنا ہے، حکومت کا کام آگ بجھانا ہے، مزید آگ لگانا نہیں، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ آئین کی بالادستی کے بغیر پارلیمنٹ سمیت کوئی ادارہ نہیں چل سکتا، سیاست اپنی جگہ تاہم ہمیں ورکنگ ریلیشن شپ رکھنا ہے، حکومت کا کام آگ بجھانا ہے، مزید آگ لگانا نہیں، اپوزیشن کا بھی یہ کام نہیں کہ بروقت قانونی دے، ہم آئین کی لڑائی میں لگے رہے تو ملک کے آگے بڑھنے کا راستہ بند ہو جائے گا، ہمیں اپنی ذمہ داریوں (تفصیل نمبر 2)

ڈائریکٹر جنرل سپورٹس پنجاب پرویز اقبال چیمہ کا پی سٹیڈیم میں "کھیلاں پنجاب" کے حوالے سے

لاپتہ ہو کر واپس آنیوالے فیضان سے تفتیش نہ ہونے پر عدالت برہم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے لاپتہ ہو کر واپس آنے والے فیضان سے تفتیش نہ ہونے پر برہمی کا اظہار کیا۔ لاپتہ فیضان کی بازیابی سے متعلق کیس کی اسلام آباد ہائی کورٹ کے جج جسٹس بابر ستار نے سماعت کی۔ اٹیسٹ ٹوسل اور پولیس حکام عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست گزار کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ فیضان کو بیرکی صح چھوڑ دیا گیا ہے۔ عدالت نے پولیس حکام سے سوال کیا کہ آپ نے فیضان سے کوئی (تفصیل نمبر 2)

جلسے میں بولے گئے الفاظ پر قائم ہوں، معافی نہیں مانگوں گا، علی امین گنڈاپور

پشاور (آئی پی پی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ جلسے میں بولے گئے اپنے الفاظ پر قائم ہوں کسی سے معافی نہیں مانگوں گا۔ پشاور میں پارلیمانی پارٹی کے اجلاس کے دوران پارلیمانی پارٹی کے اراکین سے وزیر اعلیٰ کے رات بھر جاگ رہنے، تحقیقی کا اظہار کیا جبکہ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ رات بھر کسی نے کیس زیر بحث نہیں بنایا بلکہ اجلاس تھا اور جنبر کی وجہ سے (تفصیل نمبر 4)

سرگودھا پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا

40 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ برآمد کر لئے گئے

سرگودھا (این این آئی) سرگودھا پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کر دیا۔ 40 کروڑ روپے سے زائد مالیت کا مال مسروقہ، چرس 480 کلو، افیون 41 کلو، ہیروئن 15 کلو آئس 6 کلو اور شراب 26170 لیٹر کا انکشاف 73، رائفل 157، بندوقیں 274، ریوالور 22، موٹل 1393، کارتین 2 اور 10 ہزار (تفصیل نمبر 3)

رمضان شوگر ملز ریفرنس واپس نیب کو بھجوانے کا عمل شروع

سپریم کورٹ نیب ترامیم بحالی کے فیصلہ کے بعد ریفرنس قابل سماعت نہیں، احتساب عدالت کو ریفرنس کی سماعت کا اختیار نہیں رہا، وکلاء

رمضان شوگر ملز ریفرنس واپس نیب کو بھجوانے کیلئے درخواستیں پرسوں سماعت ہوگی، احتساب عدالت

ڈپٹی کمشنر قصور اور مگر قریب خیود خان ٹیمری میں نصب شدہ پلانٹ اور پروڈکشن کا معائنہ کر رہے ہیں

لاہور (این این آئی) احتساب عدالت میں وزیر اعظم شہباز شریف اور اُنکے صاحبزادے سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس واپس نیب کو بھجوانے کا عمل شروع ہو گیا۔ احتساب عدالت میں وزیر اعظم شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس پر ڈپٹی کمشنر قصور کیانی نے سماعت کی، شہباز شریف کی بھائیوں کے پلیڈر انوار حسین نے وزیر اعظم شہباز شریف کو حاضری سے مستثنیٰ کرنے کی درخواست دی۔ (تفصیل نمبر 5)

باثر زمیندار نے غریب کسان کی گدھی کی کلہاڑی سے ٹانگ کاٹ دی

چوکی (آئی پی پی) باثر زمیندار نے غریب کسان کی گدھی کی کلہاڑی سے ٹانگ کاٹ دی، پولیس نے مقدمہ درج کر لیا، ایکسپریس نیوز کے مطابق چوکی میں باثر زمیندار کی جانب سے زبان جانور کے ساتھ درندگی کا واقعہ پیش آیا ہے جہاں زمیندار نے کھیتوں میں گھسنے پر کلہاڑی کے وار سے گدھی کی ایک ٹانگ کاٹ دی، تھانہ صدر پولیس نے گدھی کے مالک کی فریاد پر مقدمہ درج کر لیا۔ ایف آئی آر کے مطابق مدعی کا کہنا ہے کہ وہ گدھا (تفصیل نمبر 8)

اور چھ لائن، میٹرو، پیڈیو ٹرمس مفت سفری سہولیات دینے کا فیصلہ

لاہور (اے ایف پی) پنجاب میں ماس ٹرانزٹ منصوبوں اور چھ لائن، میٹرو اور پیڈیو بسوں پر مفت سفری سہولیات کی فراہمی کی تیاری مکمل کر لی، محکمہ ٹرانسپورٹ نے سمری منظوری کیلئے چیف منسٹر کو بھجوا دی۔ پنجاب حکومت کی جانب سے بزرگوں، اپنچل پرسن اور اسٹوڈنٹس کو پنجاب ماس ٹرانزٹ منصوبوں میں فری سفری سہولیات دینے جاری ہے، ذرائع کے مطابق ملتان اور راولپنڈی میٹرو ٹرین و اورنج لائن ٹرین میں مفت سفری سہولیات کی (تفصیل نمبر 9)

جناب اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر احمد خان کھچر و دیگر ارکان اسمبلی کے ہمراہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سی ڈی اے اسلام آباد کا ٹریفک ہیڈ کوارٹر زمین ارول روم کا انعقاد

ارول روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد فراز ورک

ارول روم کے انعقاد کا مقصد پولیس افسران کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے، چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد فراز ورک

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سی ڈی اے اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی ہدایات پر پولیس افسران اور چیف تھانہ اور ذاتی نوعیت کے مسائل سی ٹی او اسلام آباد کے سامنے رکھے، جن طلب مسائل کا موقع پر ہی احکامات جاری کیے گئے۔ چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد فراز ورک نے اپنے بیان میں کہا کہ حکومت کو سوچنا چاہیے کہ اصلاحات کہیں لگے گی ہڈی نہ بن جائیں، پنشن کم یا ختم کرنے کے طریقہ کار پر تحفظات ہیں۔ راجہ پرویز اشرف (تفصیل نمبر 8)

توڑ پھوڑ کیس میں رہنما پی ٹی آئی شعیب شاہین کی ضمانت منظور

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما ایڈووکیٹ شعیب شاہین کی اسلام آباد کی 26 نمبر چنگی پر توڑ پھوڑ کے کیس میں ضمانت بعد از گرفتاری کی درخواست منظور کر لی گئی۔ انسداد دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پراسیکیوٹر راجا نوید اور شعیب شاہین کے وکلا نے دلائل دیے۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابو الحسنات ذوالقرنین نے شعیب شاہین کی (تفصیل نمبر 9)

شاہ کوٹ، ڈاکوؤں نے مزاحمت پر ایک شخص کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا

ننکانہ صاحب (این این آئی) شاہ کوٹ میں ڈاکوؤں نے مزاحمت پر ایک شخص کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ شاہ کوٹ جڑانوالہ روڈ پر میر پور سائیکل سوار ڈاکوؤں نے موٹر بائیک پر سوار 40 سالہ عباس اپنی بیٹی کے جہیز کا سامان لے کر گاؤں جا رہا تھا، پیچھا کرنے والے دو نقاب پوش نامعلوم موٹر سائیکل سوار ڈاکوؤں نے انہیں رکنے کا اشارہ کیا، نہ رکنے پر انہوں نے اندھا دھند فائرنگ شروع کر دی (تفصیل نمبر 1)

سینیٹ آف پاکستان کا ڈیجیٹلائزیشن کی جانب اہم قدم

نئے ای فائلنگ سسٹم کا آغاز

پائلٹ ٹیسٹنگ مرحلے کے طور پر، ای فائلنگ کو سینیٹ سیکرٹریٹ کی ٹرانسپورٹ، ایڈمن، پرنٹنگ اور پبلیکیشن برانچز میں شروع کیا گیا ہے

ای فائلنگ کا کامیاب نفاذ زیادہ جدید اور شفاف قانون سازی کے ماحول کی جانب ایک اہم قدم ہے، سیکرٹری سینیٹ سید حسنین حیدر

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) سینیٹ آف پاکستان نے ای فائلنگ سسٹم متعارف کرا کے ایک اہم اقدام اٹھایا ہے جو کہ مقصد جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے کاغذ کے استعمال پر انحصار کو کم اور روایتی طریقوں کا متبادل طریقہ اختیار کیا جا سکے۔ پائلٹ ٹیسٹنگ مرحلے کے طور پر، ای فائلنگ کو سینیٹ سیکرٹریٹ برانچز میں متعارف کرایا گیا ہے تاہم پائلٹ ٹیسٹنگ کی ٹرانسپورٹ، ایڈمن، پرنٹنگ اور پبلیکیشن برانچز میں مکمل طور پر کیا گیا ہے۔ اسلام آباد کے بعد ای فائلنگ سافٹ ویئر سیکرٹریٹ کی دیگر برانچوں میں شروع کیا (تفصیل نمبر 3)

ملزم ڈاکٹر ڈنشا کو بیرون ملک جانے کی اجازت مل گئی

ملزم 2 ماہ میں وطن واپس آکر اسپورٹ ٹرائل کورٹ کو جمع کرانے کے پابند ہوں گے: سپریم کورٹ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے جعلی اکاؤنٹس کیس کے ملزم ڈاکٹر ڈنشا کو بیرون ملک جانے کی اجازت دیدی۔ جسٹس جمال مندوخیل کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے جعلی اکاؤنٹس کیس کے ملزم ڈاکٹر ڈنشا کی ضانت پر بیرون ملک جانے سے متعلق درخواست پر سماعت کی۔ سپریم کورٹ نے ڈاکٹر ڈنشا کی درخواست خانت منظور کرتے ہوئے اپنا پاسپورٹ واپسی کی درخواست منظور کر لی اور کہا کہ ڈاکٹر ڈنشا بھی کی شادی کے لیے برطانیہ جا سکتے ہیں۔ نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ ڈاکٹر ڈنشا کے ایک مرتبہ بیرون ملک جانے کی اجازت پر اعتراض نہیں، عدالت باضی میں بھی ملزمان کو ایک مرتبہ جانے (تفصیل نمبر 1)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر

صرف 5000/- روپے میں

اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔

وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ

Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup

News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website

ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا

یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے

سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے

E-Commerce Website Price: 6000/-

Call / Whatsapp 0309-7900035